بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

ہفتہ، 25 رجب، 1438ھ | 22/04/2017 | نمبر: HTS 39/1438

پریس ریلیز

(بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا)

"بشارت سنادو منافقوں کو کہ ان کے لیے دکھ دینے والا عذاب ہے۔ وہ لوگ جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں، کیا وہ ان کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں، سو یقیناً عزت اللہ ہی کی ہے ساری کی ساری"(النساء:139 138)

رواں سال ماہ رجب میں پیشگی منظوری کے باوجود جھوٹی انتظامیہ اپنی ہی کہی بات سے مکر گئی اور مجاز حکام کی طرف سے 2اپریل 2017 کو جاری اجازت نامے کے باوجود 25اپریل 2017 کو "ایک امت۔۔۔ایک جھنڈا۔۔۔ خلافت راشدہ کے تلے" کے عنوان سے منعقد کی جانے والی عوامی خطاب کی تقریب کو روکنے، لوگوں کو اللہ کے دین کی دعوت سے روکنے اور انہیں امت کے منصوبے، خلافت، پر ملنے سے روکنے کے لیے اپنی وہ فورسز بھیجیں جو کہ صرف ظلم اور تاریکی کی قوتیں ہیں۔ یہ تقریب خلافت کے خاتمے کے چھیانوے سال مکمل ہونے کی یاد میں سمباط میں الرابطہ میدان چوک پر اسلامی جماعتوں کے کچھ راہنماؤں اور علماء کی شراکت سے منعقد کی جانا تھی۔

یہ انتظامیہ سوڈان میں امریکی منصوبے کی تکمیل کی جانب گامزن ہے جو کہ جنوبی سوڈان کی علیحدگی کے بعد سیکولرازم کا کھلا ارتکاز، اسلامی علامات کو بدنام کرنا، اور وفاقیت، خود مختاری، اور کوٹہ سسٹم کے ذریعے بقیہ سوڈان کو تباہ کرنا ہے۔ اقتدار کی بددیانت کرسی کے بدلے میں یہ لوگ ایک ایسی حکومت کا حصہ بنے ہیں جو کہ دشمن کے منصوبے کی تکمیل میں مصروف ہے۔

ایک اسلامی خطاب کی تقریب کو روکنا حکومت کا امریکی سفارتخانے اور اس کے پیچھے واشنگٹن میں بلیک ہاوس کے قرب کا ذریعہ ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت اسلام کے خلاف جنگ میں اپنے آقا امریکہ کی خوشنودی کے لیے اس کے پیچھے صف بند ہو رہی ہے، چاہے اس خوشنودی کی قیمت اللہ کی راہ سے پیچھے ہٹنا، اسلام اور اس کے داعیوں کے خلاف لڑنا، اور رب العالمین کا غضب ہی کیوں نہ ہو۔

حزب التحریر ولایہ سوڈان، نبوت کی طرز پر خلافت کے قیام کے ذریعے، اسلامی قوانین کے نفاذ اور اسلامی طرز زندگی کے احیاء، مسلمانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، امت کو نشاط ثانیہ کے منصوبے پر اور اطاعت گزاری کی زندگی پر اکٹھا کرنے کے لیے کام جاری رکھے گی۔ تاریخ دعوت کے حاملین اور ان کے حامیوں میں سے ہیروز کی قربانیوں کو ہمیشہ سنہری الفاظ میں یاد رکھے گی اور تاریخ ان بزدلوں اور منافقوں کی ذلت کو بھی ہمیشہ یاد رکھے گی جنہوں نے اللہ کی اطاعت سے ہاتھ کھینچ لیا ہے اور دشمن کے تلوے چاٹتے ہیں، ان سے دوستی کرتے ہیں، مومنین پر سختی کرتے ہیں اور کفار کی جانب نرمی برتتے ہیں اور یقیناً یہ صریح نقصان ہے۔

(إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ)

"ان کے (عذاب کے) وعدے کا وقت صبح ہے۔ اور کیا صبح قریب ہی نہیں ہے؟"(ھود:81)

ابراہیم عثمان (ابو خلیل)
ولایہ سوڈان میں حزب التحریر کے ترجمان